25-06-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ ریاست کو نیشنل ہیلتھ مشین کے تحت گذشتہ معاشی سال کے بقایا جات جس کی رقم 693.13 کروڑ روپئے ہے جاری کی جائے۔

......تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ریاست سے منشیات کے خاتمے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں گے۔

......تلنگانہ کے سرکاری دواخانوں کے جونیئر ڈاکٹرس آج دوسرے دن بھی غیر معینہ مدت کی ہڑتال جاری رکھے ہوئے ہیں۔جس کی وجہ سے صحت کی خدمات متاثر ہورہی ہیں۔

......بی جے پی کے سینئر قائد اوم برلا کو این ڈی اے نے اسپیکر کے عہدے کے لئے اپنا امیدوار نامزد کیا ہے۔جبکہ انڈیا اتحاد بلاک نے کانگریس رکن پارلیمنٹ سریش کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ ریاست کو نیشنل ہیلتھ مشین کے تحت گذشتہ معاشی سال کے بقایا جات جس کی رقم 693.13 کروڑ روپئے ہے جاری کی جائے۔اس کے علاوہ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے درخواست کی ہے کہ ریاست کو نیشنل ہیلتھ مشین کے تحت گذشتہ معاشی سال کے تیسرے اور چوتھے سہ ماہی کے بقایا جات جس کی رقم 323.73 کروڑ روپئے ہے جاری کی جائے۔وزیر اعلی جو اس وقت نئی دہلی میں ہیں مرکزی وزیر صحت جی پی نڈا سے ملاقات کی۔انہوں نے مرکزی وزیر سے نیشنل ہلتھ مشین کی جاریہ سال کے پہلے سہ ماہی کے 231.4 کروڑ روپئے جاری کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔انہوں نے جے پی نڈا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت گذشتہ سال اکٹوبر سے ہی نیشنل ہیلتھ میشن اسکیم کے تحت ریاستی شیئر کی رقم جاری کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مشین کے تحت کام کرنے والے میڈیکل اسٹاف کو رقم جاری نہ کرنے سے دشواریاں پیش آئیں گی۔اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرکزی وزارت صحت اس بات پر فوری توجہ دے اور جلد از جلد فنڈس فراہم کئے جائیں۔

BHATTI

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ریاست سے منشیات کے خاتمے کے لئے سخت اقدامات کئے جارہے ہیں۔ڈپٹی سی ایم نے آج حیدرآباد کے نیکلس روڈ پر جل وہار میں ڈرگس کے خاتمے کے لئے منعقد کی گئی ریالی کا افتتاح کیا۔ریالی سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلی نے منشیات کی انفرادی سطح پر اور سماج میں اس کے برے اثرات پر اظہار خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ جو لوگ ڈرگ پہونچانے کا کام کررہے ہیں وہ دراصل غیر سماجی عناصر ہیں۔جس سے لوگوں اور سماج کو سخت نقصان پہونچ رہا ہے۔انہوں نے عوام سے

اس برائی کے خلاف کھڑا ہونے اور اس کے خاتمے کے لئے جدوجہد کرنے کی اپیل کی۔ نائب وزیر اعلی نے تیقن دیا کہ وہ نارکوٹیکس بیورو کو ڈرگس کے خاتمے کے لئے ہر ممکن تعاون کریں گے۔ اور تمام سہولیات پہونچائی جائیں گی۔ انہوں نے تمام گاوں اور ٹاونس میں ڈرگس کے خاتمے کے لئے کمیٹیوں کی تشکیل پر بھی زور دیا۔ بھٹی وکرمارکا نے ڈرگس کے خاتمے کے لئے سب کو مل کر کام کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی طرح کے غیر سماجی کاموں کی اطلاع پر انتظامیہ کو چوکنا کریں۔

STRIKE

تلنگانہ کے تمام سرکاری دواخانوں کے چھ ہزار سے زیادہ جونیئر ڈاکٹرس آج دوسرے دن بھی غیر معینہ مدت کی ہڑتال جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جونیئر ڈاکٹرس اسوسی ایشن (ٹی جے یو ڈی اے) جو سرکاری ٹیچنگ اسپتالوں میں طبی ماہرین کی نمائندگی کرتی ہے کی ہڑتال جاری ہے۔ یہ غیر معینہ مدت کی ہڑتال پیر کو شروع ہوئی تھی۔ ریاستی حکومت نے ان کے مطالبات پر فیصلہ کن یقین دہانیاں نہیں کی ہیں، جس کی وجہ سے یہ ڈاکٹرس ہڑتال جاری رکھنے پر مجبور ہیں۔ چونکہ تمام ٹیچنگ اسپتالوں میں غیر معینہ مدت کی ہڑتال دوسرے دن جاری ہے، تمام سرکاری اسپتالوں میں طبی خدمات متاثر رہیں۔ ان کے مطالبات پر ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے کہا کہ وزیر صحت دامودر راج نرسمہا اور میڈیکل ایجوکیشن کے ڈائریکٹر (ڈی ایم ای) کے ساتھ بات چیت کا نتیجہ نہیں نکلا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسپتالوں میں جونیئر ڈاکٹروں کو سیکورٹی فراہم کرنے جیسے مطالبات طویل عرصہ سے زیر التوا ہیں اور ان مسائل کو حل کرنا ہوگا تب تک ہڑتال جاری رہے گی۔ دریں اثنا، اسٹاف کی کمی کے بحران سے نمٹنے کے لیے سرکاری اسپتالوں کے انتظامیہ نے ہیلتھ کیئر ورکرس کی چھٹیاں منسوخ کردیں اور سینئر ڈاکٹروں کو اسپتالوں میں ڈیوٹی کی ہدایت کی۔ جونیر ڈاکٹرس نے صرف آوٹ پیشنٹ خدمات، سرجریوں اور مریضوں کے وارڈس کی ڈیوٹی کا بائیکاٹ کیا جب کہ طبی عملے نے ایمرجنسی وارڈس میں ڈیوٹی پر حاضری دی، او پی ونگس اور ریکورینگ وارڈس میں بیڈ سائیڈ ہیلتھ کیئر سروسس کا انتظام سینئر ڈاکٹروں نے کیا۔

BONALU

بی سی ویلیفر منسٹر اور حیدرآباد انچارج منسٹر پونم پربھاکر نے تمام سرکاری عہدیداروں کو سالانہ بونال تہوار کے انتظامات کی تیاری کرنے کی ہدایت دی۔ اس ضمن میں جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے سری بلکم پیٹ ایلماں مندر میں کہا کہ ریاستی حکومت نے پہلے ہی اس تہوار کو بہتر طریقے سے دونوں شہروں میں منعقد کرنے کیلئے بیس کروڑ روپئے جاری کئے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے آٹھ تا دس جولائی کو بلکم پیٹ میں منعقد ہونے والے کلیانہ اتسوم کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

FM PRE BUDGET

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتا رام نے آج ساتویں بجٹ سے قبل مشاورت کے لئے نئی دہلی میں ٹریڈ اور سرویس کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔ اور آئندہ عام بجٹ کے ضمن میں مشورے حاصل کئے۔ اس اجلاس میں مرکزی مملکتی وزیر برائے فینانس پنکج چودھری، چیف اکنامک اڈوائزر وی اننتا ناگیشورم۔ فینانس سکریٹری ٹی وی سومناتھن۔ سکریٹری برائے محکمہ اخراجات، محکمہ معاشیات اور کامرس اینڈ

انڈسٹریز کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔اس سے قبل گذشتہ ہفتے سیتارامن نے تمام ریاستوں اور مرکز زیرانتظام علاقوں کے وزرائے خزانہ کے ساتھ اجلاس منعقد کیا تھا۔

JEEVAN REDDY

یم ایل سی جیون ریڈی جو پہلے ہی کانگریس کی ریاستی قیادت سے بے چین ہیں، نے ایک اہم فیصلہ لیا ہے۔انہوں نے ایم ایل سی کے عہدہ سے استعفیٰ دینے کا اعلان کیا۔انہوں نے اعلان کیا کہ وہ ایم ایل سی کے عہدہ سے استعفیٰ دیں گے ہر گاؤں کا دورہ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی رائے کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔لیکن انہوں نے کہا کہ ابھی تک پارٹی تبدیل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

جیون ریڈی نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے آ کر بات چیت کی۔انہوں نے کہا کہ کانگریس انچارج دیپا داس منشی نے بھی ان سے بات کی۔انہوں نے واضح کیا کہ بی جے پی سے کسی نے ان سے رابطہ نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ انہیں کسی پارٹی کی طرف سے کوئی کال موصول نہیں ہوا ہے۔انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ وہ اس مرحلہ پر پارٹی سے عزت چاہتے تھے لیکن آج انہیں وہ عزت نہیں ملی۔بتایا جاتا ہے کہ ایم ایل سی جیون ریڈی نے وزیر آئی ٹی سریدھر بابو کے سامنے اپنے غصہ کا بھی اظہار کیا۔اُنہوں کہا کہ کیا آپ کارکنوں کی مشکلات اور جذبات نہیں چاہتے۔جگتیال سے بی آر ایس ایم ایل اے سنجے کمار کو پارٹی میں شامل کیے جانے کے بعد جیون ریڈی ایم ایل سی کے عہدہ سے استعفیٰ دینے کے لیے تیار ہیں۔اس تناظر میں بھٹی وکرمارکا نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ کانگریس کی مرکزی قیادت کو جیون ریڈی کے فیصلے سے آگاہ کریں گے۔

BRS

بی آر ایس کے سینئر قائد و سابق رکن پارلیمنٹ ونود کمار نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی جانب سے لگائے گئے مبینہ الزام کی تردید کی۔واضح رہے کہ وزیر اعلی ریونت ریڈی نے سابقہ بی آر ایس حکومت پر مبینہ طور پر الزام لگایا تھا کہ وہ گذشتہ دس سالوں کے دوران ریاست کے لئے سینک اسکولس کے حصول میں ناکام رہے۔ونود کمار نے چیف منسٹر کو مشورہ دیا کہ وہ اس طرح کے غیر ذمہ دارانہ بیانات دینے سے قبل آفس ریکارڈ کو ایک بار چیک کر لیا کریں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی مفاد کے لئے اس طرح کی بیان بازی کی جارہی ہے۔تلنگانہ بھون میں آج میڈیا نمائندوں کو مخاطب کرتے ہوئے ونود کمار نے کہا کہ ریونت ریڈی عوام کو گمراہ کرنے کیلئے سینک اسکولس سے متعلق وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سے ملاقات کے بعد اس طرح کے بیانات دے رہے ہیں۔

LS SPEAKER

اٹھارویں لوک سبھا اسپیکر کے عہدے کے لیے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے اوم برلا اور کانگریس کے۔کے سریش نے پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔انڈیا گروپ نے الزام لگایا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے پہلے انڈیا گروپ کو لوک سبھا کے ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ دینے کا وعدہ کر کے سب کے تعاون سے حکومت چلانے کی بات کی تھی، لیکن اب وہ ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ بھی اپوزیشن اتحاد کو دینے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

اس لیے اپوزیشن اتحاد نے لوک سبھا اسپیکر کے لیے اپنا امیدوار کھڑا کیا ہے۔کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے مودی پر الزام لگایا ہے کہ وہ

سب سے اتفاق کرنے کی بات کرتے ہیں لیکن ان کے کام اس کے بالکل برعکس ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک مستقبل کی طرف دیکھ رہا ہے، آپ اپنی کوتاہیوں کو چھپانے کے لیے ماضی کو ہی کریدتے رہتے ہیں۔کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ کل راج ناتھ سنگھ جی نے ملکارجن کھڑگے جی کو فون کیا اور کہا کہ آپ ہمارے اسپیکر امیدوار کی حمایت کریں۔ہم اسپیکر کی حمایت کے لیے تیار ہیں لیکن پارلیمانی روایت کے مطابق ڈپٹی چیئر مین اپوزیشن سے ہونا چاہیے۔متحدہ ترقی پسند حکومت میں بھی ایسا ہی ہوا تھا۔راج ناتھ سنگھ جی نے کہا کہ وہ دوبارہ فون کریں گے لیکن ابھی تک فون نہیں آیا۔نیت صاف نہیں ہے،نریندر مودی کوئی کنسٹریکٹو آپریشن نہیں چاہتے ہیں۔

LS OATH

اٹھارہویں لوک سبھا کے پہلے سیشن کے دوسرے دن کئی نو منتخبہ نئے ارکان پارلیمنٹ نے حلف لیا۔ریاست تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے ارکان پارلیمنٹ نے بھی حلف لیا۔تلنگانہ سے بی جے پی کے اروند دھرما پوری۔کانگریس کے سریش کمار۔اور اے آئی ایم آئی ایم کے اسدالدین اویسی نے بھی حلف لیا۔گذشتہ کل 266 ارکان پارلیمنٹ حلف لیا تھا۔جبکہ بقایہ ارکان آج حلف لے رہے ہیں۔لوک سبھا کے اسپیکر کے عہدہ کا انتخاب طے ہے۔

EMERGENCY

مرکزی مملکتی وزیر اور بی جے پی صدر جے پی نڈا نے کانگریس پر سخت تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کے کام کرنے کا طریقہ اور اس کی سوچ جمہوریت کی عکاس نہیں ہے۔بی جے پی صدر نئی دہلی میں جمہوریت کے سیاہ دن کے عنوان سے منعقدہ پروگرام میں بی جے پی ہیڈ کوارٹر نئی دہلی میں خطاب کر رہے تھے۔یہ پروگرام 1975 میں ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف منعقد کیا گیا تھا۔اس موقع پر نڈا نے کہا کہ ایمرجنسی کے دوران کئی سرکردہ قائدین بشمول مرار جی دیسائی۔اٹل بہاری واجپائی۔اور لال کرشن اڈوانی کو راتوں رات جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا تھا۔جہاں انہیں 19 مہینے رہنا پڑا۔نڈا نے کہا کہ کانگریس ایک بار پھر ملک میں جمہوریت کو ختم کرتے ہوئے ایمرجنسی نظام کی طرف اسے ڈھکیلنا چاہتی ہے۔